Manchester University
NHS Foundation Trust

این ایچ ایس
مانچسٹر یونی ورسٹی
این ایچ ایس فاؤنڈیشن ٹرسٹ

سینٹ میریز ہاسپٹل
گائناکالوجی خدمات

معلومات برائے مریض

سروکس کی کرائیو کاٹری

سینٹ میریز ہسپتال میں گائناکالوجی خدمات میں خوش آمدید

یہ صفحہ آپ کو کرائیوکاٹری کے متعلق کچھ عمومی معلومات دیتا ہے ان سوالات کے جوابات دینے کے لیے جو آپ پوچھ سکتے ہیں۔

یہ ایک راہنماء کے طور پر ہے اور آپ کے لیے اپنی دیکھ بھال اور علاج سے متعلق اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات کرنے کا موقع ہے۔

کرائیو کاٹری کیا ہے؟

اس میں سروکس(بچہ دانی) کو دھاتی آلے کے ساتھ عارضی طور پر 1 سے 2 منٹ کے لیے جما دیا جاتا ہے۔
یہ بعض اوقات سروکس پر ہلکے خراب خلیوں کو ٹھیک کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے لیکن ذیادہ تر عضو جنسی سے ذیادہ اخراج یا جماع کے بعد خون کے بہنے کو روکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ (بعد از جماع خون کا بہنا)۔

میری علامات کا سبب کیا ہے؟

پوسٹ کوئٹل بلیڈنگ (بعد از جماع خون کا بہنا) اور ذیادہ اخراج عموماً ایک نفسیاتی عمل سے واقع ہوتے ہیں جو سروکس کو متاثر کرتے ہیں جہاں بچہ دانی کے ذیادہ نازک خلیے ظاہر ہوں اور سروکس پر لپٹ کر آ جائیں۔ اسے ایکٹروپیان یا ایکٹوپی کہا جاتا ہے اور مکمل طور پر نارمل ہے۔ دوران جماع ان خلیوں سے خون بہنے کے امکانات ہوتے ہیں یا سمئیر ٹیسٹ کرتے ہوئے (اگر آپ کی اتنی عمر ہے کہ سرویکل سکریننگ پروگرام شروع ہو)۔ ان کاکام رطوبت پیدا کرنا بھی ہوتا ہے تا کہ عضو جنسی کو چکنا کرے اس لیے اگر یہ خلیے ذیادہ ظاہر ہوں تو آپ اخراج میں ذیادتی کا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔

INVESTORS IN PEOPLE   disability confident

مجھے کرائیوکاٹری کی ضرورت کیوں ہے؟

سروکس کو جمانے سے سخت اور موٹے ریشے پیدا ہوتے ہیں جن سے جماع کے دوران خون نکلنے یا ذیادہ اخراج کے امکانات کم ہوتے ہیں۔ یہ ایک مؤثر، تیز اور سادہ طریقہ ہے اور مستقبل کی حمل کی صلاحیت کو متاثر نہیں کرے گا۔

عمل کے دوران کیا ہوتا ہے؟

ایک آلہ عضو جنسی کے اندر داخل کیا جائے گا تا کہ سروکس کو واضح طور پر دیکھا جا سکے۔1 سے 2 منٹ کے لیے ایک سرد دھاتی آلے کو سروکس پر رکھا جائے گا۔ یہ عمل ماہواری کے درد جیسا درد پیدا کر سکتا ہے اور یہ باقی دن تک رہ سکتا ہے۔ تقریباً ہر 3 میں سے 1 خاتون اس قسم کے علاج کے بعد کچھ درد کی شکایت کرتی ہے۔ سادہ درد کش ادویات جیسا کہ پیرا سٹا مول یا آئی بیو پروفن مدد گار ہو سکتی ہیں اور ملاقات سے پہلے ان کے لینے کی تجویز ہے۔

آپ اپنے ساتھی، رشتہ دار یا دوست کو ساتھ لا سکتی ہیں۔

میں بعد میں کیا توقع کروں؟

جیسا کہ بے ہوشی کی کوئی دوا کی ضرورت نہیں ہوتی تو جیسے ہی آپ صحیح محسوس کریں تو آپ گھر جا سکتی ہیں۔ آپ گاڑی چلا سکتی ہیں یا عوامی ذرائع استعمال کر سکتی ہیں۔
چند دنوں کے لیے بکثرت پانی کا اخراج عام ہے۔ یہ پانی کا اخراج 2 سے 4 ہفتوں تک رہ سکتا ہے اور اپنا رنگ گلابی سے بھورا بدل سکتا ہے۔ ابتدائی 4 ہفتوں میں انفیکشن کا خطرہ اور دیگر پیچیدگیوں کا خطرہ کم کرنے کے لیے آپ کو لازماً:

- صفائی والے تولیے کا استعمال کریں اور ٹیمپٹنز اور ماہواری والے کپ کا استعمال نہ کریں۔
- جماع سے گریز کریں۔
- نہانے اور تیراکی سے گریز کریں۔

اگر آپ کو درج ذیل سے کچھ ہو تو آپ کو شعبہ میں جہاں آپ کا علاج ہوا تھا یا ہنگامی گائناکالوجی یونٹ، آکسفورڈ روڈ کیمپس رابطہ کرنا ہے:

- بدبودار اخراج
- بحار یا تیز درجہ حرارت
- ذیادہ اخراج عضو جنسی سے
- شدید پیٹ کا درد

کیا مجھے بعد میں ملاقات کی ضرورت ہے؟

یہ کلینیک والوں کی مرضی پر ہے کہ آیا آپ کو دوبارہ آنے کی ضرورت ہے یا نہیں اور آپ کو ایک مناسب ملاقات کا وقت دے دیا جائے گا۔ اگر آپ کا علاج خراب خلیوں کے لیے ہے تو یہ بہت ضروری ہے کہ آپ بعد والی ملاقاتوں میں آئیں۔

INVESTORS IN PEOPLE
disability confident

مانع حمل

اگر آپ حاملہ ہیں تو ہم اس عمل کی تجویز نہیں دیتے۔ اس لیے آپ کو عمل سے پہلے اور بعد میں مانع حمل جاری رکھنا چاہیے۔

سینٹ میریز ہسپتال رابطہ نمبر

اگر آپ کو مزید کسی معلومات کی ضرورت ہو تو براہ کرم رابطہ کریں:

سیکرٹری

(0161) 701 6922/276 6387 (صبح 8:30 سے سہ پہر 5:00)

نرس کلوپو سکوپسٹ

(0161) 276 5485(صبح 8:30 سے سہ پہر 5:00)

ہنگامی گائنا کالوجی یونٹ

(0161) 291 2561

دیگر فائدہ مند رابطہ نمبر اور ویب سائٹ

این ایچ ایس چائسز

www.nhs.co.uk

کینسل ریسرچ یو کے

http://www.cancerresearchuk.org/4-about-cancer